P-ISSN: 2518-9719
E-ISSN: 2518-9768X

# اِمتزاج

شمارہ: ۲۲

(جولائی تا دسمبر ۲۰۲۴ء)

مدیرِ اعلیٰ

**پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ فرمان**

شعبۂ اردو، جامعہ کراچی

ویب گاہ: www.imtezaaj.uok.edu.pk
برقی ڈاک: imtezaaj@uok.edu.pk

# اِمتزاج

شمارہ: ۲۲، جولائی تا دسمبر ۲۰۲۴ء

شعبۂ اردو، جامعہ کراچی



**سرپرست**

پرفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی (شیخ الجامعہ)

**مدیرِ اعلیٰ**

پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ فرمان (صدر نشین)

**نائب مدیران**

ڈاکٹر تنظیم الفردوس　ڈاکٹر تہمینہ عباس　ڈاکٹر انصار احمد　ڈاکٹر صدف تبسم

**مجلسِ ادارت**

ڈاکٹر صفیہ آفتاب　ڈاکٹر عظمیٰ حسن　ڈاکٹر شمع افروز　ڈاکٹر محمد ساجد خان

ڈاکٹر صدف فاطمہ　ڈاکٹر ذکیہ رانی　ڈاکٹر خالد امین　ڈاکٹر عائشہ ناز

**مجلسِ مشاورت**

**بین الاقوامی**

ڈاکٹر معین الدین جینابڑے (بھارت)

ڈاکٹر علی بیات (ایران)

ڈاکٹر ہینز ورنر ویسلر (سوئیڈن)

ڈاکٹر شفیق ویرانی (کینیڈا)

**قومی**

ڈاکٹر انوار احمد (ملتان)

ڈاکٹر یوسف خشک (خیر پور)

ڈاکٹر محمد کامران (لاہور)

ڈاکٹر خالد خٹک (کوئٹہ)



قیمت: ۵۰۰ روپے، بیرونِ ملک ۱۵/امریکی ڈالر کے مساوی (بہ شمول ڈاک خرچ)

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| ❊ اداریہ | عظمیٰ فرمان | ۵ |
| ۱۔ اردو اور پنجابی زبانوں کے روابط میں انور مسعود کے پنجابی شعری مجموعے ''میلہ اکھیاں دا'' کا تنقیدی جائزہ | حرا شبیر | ۷ |
| ۲۔ دبستانِ کراچی کی نسائی منظومات میں تمثیلی عناصر | حمیرا راحت | ۲۰ |
| ۳۔ انشاءاللہ خان انشا کے تجربات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ | ڈاکٹر عطیہ فیض بلوچ/مس گل غشیٰ/ مسز تنزیلہ ناز | ۴۸ |
| ۴۔ علمِ لسانیات اور اُس کی چند جدید شاخیں | عطیہ ہما صدیقی | ۶۱ |
| ۵۔ اردو داستانوں میں نفسیاتی محرکات | قدسیہ عبدالکریم | ۷۷ |
| ۶۔ ڈاکٹر ہلال نقوی کی علمی و ادبی خدمات: ایک مختصر جائزہ | ڈاکٹر قسور عباس خان/ ڈاکٹر نجم الحسن خان | ۹۵ |
| ۷۔ انتظار حسین کی سفرنامہ نگاری کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ | ڈاکٹر قیصر آفتاب احمد/ عنایت الرحمٰن | ۱۰۷ |
| ۸۔ اسد محمد خان کے منتخب افسانے: موضوعاتی مطالعہ | نورین رمضان | ۱۱۵ |


———

# اِس شمارے کے مقالہ نگار
(بترتیبِ حروفِ تہجی)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | مسز تنزیلہ ناز | لیکچرار، شعبۂ اردو، بلوچستان یونی ورسٹی، کوئٹہ |
| ۲۔ | حرا شبیر | تعلقہ ایجوکیشن آفیسر، جمشید ٹاؤن، ضلع کراچی |
| ۳۔ | حمیرا راحت | سابق لیکچرار، کامکس کالج، گلستانِ جوہر، کراچی |
| ۴۔ | ڈاکٹر عطیہ فیض بلوچ | وزٹنگ فیکلٹی، شعبۂ اردو، بلوچستان یونی ورسٹی، کوئٹہ |
| ۵۔ | عطیہ ہما صدیقی | لیکچرار، شعبۂ اردو، جامعہ کراچی |
| ۶۔ | عنایت الرحمٰن | پی ایچ ڈی اسکالر، الحمد اسلامک یونی ورسٹی، اسلام آباد |
| ۷۔ | قدسیہ عبدالکریم | اسسٹنٹ پروفیسر (ر)، شعبۂ اردو، سرسیّد گورنمنٹ کالج برائے خواتین، کراچی |
| ۸۔ | ڈاکٹر قسور عباس خان | اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ تاریخ و مطالعۂ تہذیب، بہاء الدین زکریا یونی ورسٹی، ملتان |
| ۹۔ | ڈاکٹر قیصر آفتاب احمد | اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ زبان و ادب، عبادت انٹرنیشنل یونی ورسٹی، اسلام آباد |
| ۱۰۔ | مس گل غٹئی | اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، بلوچستان یونی ورسٹی، کوئٹہ |
| ۱۱۔ | ڈاکٹر نجم الحسن خان | استاد، پنجاب اسکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ، جھنگ |
| ۱۲۔ | نورین رمضان | لیکچرار، تعمیرِ نو کالج، کوئٹہ |

# اداریہ

الحمد للہ!

امتزاج کا بائیسواں شمارہ آن لائن ہونے جارہا ہے۔ہم بیسوی صدی کی تیسری دہائی سے گزر رہے ہیں۔اس بات سے انکارنہیں کیا جا سکتا کہ اس دور کا سب سے اہم موضوع "مسئلہ فلسطین" ہے۔فلسطین اور اسرائیل کے مابین جنگ اور اس کی تبارہ کاریوں سے انسانیت ایک دردناک تجربے سے گزر رہی ہے۔ اسرائیل کی ظلم و بربریت کی داستان جاری و ساری ہے اورمظلوم فلسطینی اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں۔مسئلہ فلسطین ہرحساس شخص پر اثر انداز ہوا ہے۔شاعر و ادیب معاشرے کے حساس افراد ہوتے ہیں جو کسی بھی واقعے کو انتہائی باریکی، مہارت اور دل سوزی کے ساتھ بیان کرنے کا ہنر رکھتے ہیں۔''مسئلۂ فلسطین'' پر اردو میں جو ادب تخلیق ہوا ہے، اُس میں نظم و نثر کی مختلف اصناف شامل ہیں۔ تخلیق کاروں نے انتہائی مشاقی و دردناکی سے اس مسئلے کو اپنی شعری و نثری تخلیقات میں سمودیا ہے۔ اردو شاعری میں فلسطین کا ذکر اقبال کے دور میں ہی شروع ہو چکا تھا۔اقبال کی نظم ''شام وفلسطین'' کا موضوع فلسطین ہی ہے۔ ن م راشد، فیض احمد فیض، حبیب جالب، نعیم صدیقی، ابنِ انشا،ظہیر کاشمیری،ضمیر جعفری، احمد فراز، ادا جعفری، شہزاد احمد، احمد ندیم قاسمی،محمود شام، یوسف ظفر، خاطر غزنوی اور دیگر نے شعرا نےفلسطین کے حوالے سے انتہائی پُر اثر نظمیں تحریر کی ہیں ۔ اردوافسانے میں انتظار حسین، مظہر الاسلام،مصطفیٰ کریم ، اسد محمد خان، یونس جاوید،مصطفیٰ شاہد،جمیل احمد عدیل، قدرت اللہ شہاب، قرۃ العین حیدر، سلمیٰ اعوان، عطیہ سید، مسعود اشعر، آصف فرخی، حمید شاہد، محمود احمد قاضی، حنیف باوا، سیّد ماجد شاہ، نیّر احمد فردوس، حمزہ حسن شیخ، احسان اللہ لاشاری نے فلسطین کے موضوع پر انتہائی پُردرد افسانے تحریر کیے ہیں۔ اردو ادبا کے کئی سفر نامے بھی فلسطین اور اسرائیل کے پس منظر میں تحریر کیے گئے ہیں۔فلسطین کے شاعروں اور افسانہ نگاروں کی تخلیقات کے اردو ترجمے کا عمل مسلسل جاری ہے اور اردو ادب کے نام ور ادبا وشعرا، فلسطینی تخلیقات کا عربی سے اردو ترجمہ کرکے اپنا حق ادا کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ ماضی میں فلسطین کے حوالے سے دو کتابیں، فتح محمد ملک کی ''فلسطین اردو ادب میں'' اور محمد افتخار شفیع کی ''اردو ادب اور آزادیِ فلسطین'' منظرِعام پر آچکی ہیں جب کہ ڈاکٹر طاہرہ اقبال بھی اپنی کتاب ''پاکستانی اردو افسانہ''میں ،ماضی میں فلسطین کے حوالے سے لکھے گئے افسانوں کی تفصیل بیان

کر چکی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اب فلسطین کے پس منظر میں، پیش کی جانے والی اردو نثر اور شاعری کا جائزہ تحقیقی نقطۂ نظر سے پیش کیا جائے تا کہ فلسطین کے پس منظر میں تخلیق کیے گئے ادب کے مختلف پہلو سامنے آسکیں۔

پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ فرمان
(مدیرِ اعلیٰ)